© rasailojaraid.com

ادارہ

# مسافرین آخرت

## حضرت مفتی جمیل احمد تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ:

جامعہ اشرفیہ لاہور کے صدر مفتی اور برصغیر کے معتبر عالم دین حضرت مولانا مفتی جمیل احمد تھانوی رحمہ اللہ ۲۵ دسمبر ۱۹۹۴ء کو طویل علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئے۔

حضرت مفتی صاحب مرحوم ۴۲ برس سے جامعہ اشرفیہ کے دار الافتاء سے منسلک تھے آپ کی عمر ۹۵ سال تھی۔ آپ حضرت مولانا خلیل احمد سہانپوری رحمہ اللہ سے بیعت تھے اور اسلاف کی نشانی تھے۔ ۱۴۹۱ھ تک حدیث، فقہ، تفسیر اور مختلف کتب پڑھاتے رہے۔ آپ کے شاگردوں کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ دین کی تعلیم و تدریس کے لئے آپ کی خدمات قابل رشک ہیں۔

## حضرت مفتی ولی حسن رحمہ اللہ تعالیٰ:

جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے شیخ الحدیث حضرت مفتی ولی حسن رحمہ اللہ گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد کراچی میں رحلت فرما گئے۔ حضرت مفتی صاحب مرحوم بلاشبہ ایک فقیہ اور محدث تھے۔ تمام عمر علم دین کی تعلیم و تدریس میں گزاری، ہزاروں مسلمانوں کو زیور علم سے آراستہ کیا۔ کئی کتابیں لکھیں۔ ان کی طبیعت میں عجز و انکسار کے ساتھ شگفتگی بھی پائی جاتی تھی۔ انہیں دیکھ کر بلاشبہ کہا جا سکتا تھا کہ وہ اپنے اسلاف کے جانشین ہیں۔

## مولانا سید محب اللہ شاہ راشدی رحمہ اللہ تعالیٰ:

معروف اہل حدیث عالم اور محقق مولانا سید محب اللہ شاہ راشدی (پیر آف جھنڈا) گزشتہ دنوں رحلت فرما گئے۔ وہ مولانا بدیع الدین شاہ راشدی کے برادر بزرگ تھے۔ شاہ صاحب مرحوم ایک وسیع المطالعہ صاحب علم شخصیت تھے۔ ان کا کتب خانہ علمی دنیا میں بہت مشہور ہے۔ قرآن و حدیث کے علوم پر ایسی ایسی نادر کتب وہاں موجود ہیں جو اس کتب خانے کا امتیاز ہیں۔ علم کے متلاشی ان کے ہاں آکر اپنی پیاس بجھاتے۔ وہ ایک معتدل، متوازن اور حق پرست عالم تھے۔

اللہ تعالیٰ ان تمام بزرگوں کی مغفرت فرمائے اور انکی دینی خدمات کو قبول فرما کر درجات بلند فرمائے۔ ان کی اولادوں کو ان کا سچا جانشین بنائے اور خدمت دین کی توفیق عطاء فرمائے۔ (آمین)
پسماندگان سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں۔ اور ان کے لئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔ اور تمام علماء مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## میاں محمد شفیق صاحب کی رحلت:

مجلس احرارِ اسلام لاہور کے ناظم میاں محمد اویس اور میاں محمد عتیق کے والد ماجد میاں محمد شفیق صاحب ۲۱ جنوری ۱۹۹۵ء بروز ہفتہ انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کے والد ماجد میاں محمد رفیق رحمہ اللہ مجلسِ احرارِ اسلام سے وابستہ رہے اور ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں احرار کے ٹکٹ پر پنجاب اسمبلی کے امیدوار تھے۔ میاں محمد رفیق صاحب کے بڑے بھائی میاں قمرالدین مرحوم آل انڈیا مجلس احرار اسلام کے خازن تھے اور قادیان میں ختم نبوت ٹرسٹ کے نگران بھی، حضرت امیر شریعت انہیں احرار کا چلتا پھرتا بینک کہا کرتے تھے۔

میاں محمد شفیق مرحوم نے اس خاندانی اور نظریاتی تعلق کو آخر وقت تک قائم رکھا۔ وہ انتہائی ملنسار، خوش خلق، اور شفیق یعنی اسم بامسمّٰی تھے۔ ان کے فرزند میاں محمد اویس بھی اس نسبت و تعلق کو نباہ رہے ہیں اور احرار کے ایک ذمہ دار کارکن ہیں۔ اللہ تعالیٰ میاں صاحب مرحوم کی مغفرت فرمائے اور خطاؤں کو معاف کر کے درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) اراکین ادارہ جناب میاں محمد اسلم جان صاحب، میاں محمد عتیق صاحب اور میاں محمد اویس صاحب کے علاوہ تمام پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اور مغفرت کے لئے دعا گو ہیں۔

مجلس احراراسلام ملتان کے سابق ناظم محترم خادم حسین صاحب کے جواں سال فرزند محمد مغیرہ ۳۱/دسمبر ۱۹۹۴ء کو ٹریفک کے ایک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔

مجلس احراراسلام ملتان کے کارکن محترم حسین اختر صاحب لدھیانوی کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال فرما گئیں۔

لاہور میں ہمارے کرم فرما محترم رانا محمد فاروق صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔

مجلس احرار اسلام لاہور (رام گلی) کے قدیم کارکن محترم محمد اشرف صاحب گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔

ملتان سے ہمارے نہایت مہربان اور کرم فرما محترم چودھری محمد افضل صاحب کی دختر عزیز ۲۰ جنوری کو طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئیں۔

ہمارے حلقہ احباب میں سے ایک مخلص دوست محترم شیخ محمد عثمان (ملتان) گزشتہ ماہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔

جلال پور پیر والہ سے احرار کارکن محترم خدا بخش فاروقی کی خالہ اور خوشدامن صاحبہ گزشتہ ماہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وفات پا گئیں۔ جلال پور پیر والہ سے ان کے احباب محمد عبدالرحمن جامی، قاری عبدالرحیم فاروقی، حکیم محمد یوسف قریشی، ملک اشفاق احمد نقشبندی ، عبدالغفور نقشبندی ، رشید احمد یزدانی، علامہ عنایت اللہ نقشبندی اور حبیب اللہ جاوید نے ان سے اظہار تعزیت کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور خطاؤں کو معاف کر کے درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اور ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ پنجگانہ نمازوں کے ساتھ خاص طور پر ان مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعاءِ صحت

مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے ناظم نشر و اشاعت اور ادارہ نقیب ختم نبوت کے رفیق فکر جناب محمد عمر فاروق کے دادا سخت علیل ہیں۔

لاہور سے ہمارے کرم فرما محترم پروفیسر محمد عباس نجمی صاحب کے والد ماجد گزشتہ ایک سال سے سخت علیل ہیں۔

ملتان سے ہمارے رفیق فکر محترم محمد سلیم سلیمی صاحب ان دنوں شدید علیل ہیں۔

اراکین ادارہ ان کی صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔

قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ ان حضرات کی صحت یابی کے لئے دعاء کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین)

---

بقیہ از صـ ۴۲

سے کیا کام۔

خدا جانے مرزائیوں کا یہ تاریخی مقام اب کس سکھ کے قبضہ میں ہے یہ بھی معلوم نہیں کہ اوپر کے کتبہ پر عمل ہوتا ہے یا نچلی شرارت پر۔

بہر حال اسی منحوس کوچہ میں کذب و افترا اور دجل مجسم کا خاتمہ ہو جاتا تو آج یہ مصیبت اس طرح ہولناک صورت اختیار نہ کر لیتی۔ (بہ شکریہ ماہنامہ "صوت الاسلام" فیصل آباد، مئی ۱۹۹۳ء)

© rasailojaraid.com